سوال

(526)عائشہ رضی اللہ عنہما کا نکاح کب اور رخصتی کب ہوئی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عائشہ رضی اللہ عنہما کا نکاح کب اور رخصتی کب ہوئی؟ (سائل نصیر احمد حنیف، لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری، کتاب النکاح، باب إنکاح الرجل ولدہ الصغار، الخ اور باب تزویج الأب ابنتہ من الإمام میں ہے:

((عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَزَوَّجَهَا وَهِیَ بِنْتُ سِتِّ سِنِیْنَ، وَأُدْخِلَتْ عَلَیْهِ وَهِیَ بِنْتُ تِسْعٍ (سِنِیْنَ) وَمَکَثَتْ عِنْدَهٗ تِسْعًا۔))[۲   ۷۷۱]

''عائشہ رضی اللہ عنہما سے ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان سے نکاح کیا تو ان کی عمر چھ ۶ سال تھی اور جب ان سے صحبت کی تو اس وقت ان کی عمر ۹ برس کی تھی اور وہ نو ۹ برس آپؐ کے پاس رہیں۔''

۱۱   ۱۱   ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 456

محدث فتویٰ